ایچ بی ایل پی ایس ایل2020 کے لیے مقامی کھلاڑیوں کی کٹیگریزکی تجدیدکا عمل مکمل

- 2 مرحلوں پر مشتمل تجدید کے عمل میں تمام فرنچائنز کےنمائندگان کی شمولیت
- قومی ٹی ٹونٹی ٹیم کے کپتان بابر اعظم، شاہین شاہ آفریدی اور عماد وسیم دیگر 14 مقامی کھلاڑیوں کے ہمراہ پلاٹینم کٹیگری کا حصہ
- امام الحق، حارث سہیل اور آصف علی ڈائمنڈ کٹیگری میں شامل
- ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کا انعقاد پاکستان میں ہوگا، شاندار ایونٹ کے کامیاب انعقاد کے لیے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں، وسیم خان چیف ایگزیکٹو پی سی بی

لاہور،25اکتوبر 2019ء:

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 میں ملک بھر کے بہترین کھلاڑی شرکت کریں گے، اس سلسلے میں پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایچ بی ایل پی ایس ایل کے گذشتہ ایڈیشن میں شامل مقامی کھلاڑیوں کی کٹیگریزکی تجدید کا عمل مکمل کرلیا ہے۔

پلاٹینم کٹیگری میں سرفہرست نام قومی ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم کا ہے۔نئی فہرست کے مطابق شاہین شاہ آفریدی، عماد وسیم، گذشتہ ایڈیشن میں سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کرنے والے باؤلر حسن علی اور شاداب خان کو بھی ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کی پلاٹینم کٹیگری میں شامل کرلیا گیا ہے۔

اس عمل کے مکمل ہوتے ہی آئندہ ایڈیشن کے لیےتمام ٹیموں میں کھلاڑیوں کی ریکروٹمنٹ کا عمل شروع ہوگیاہے۔

اس عمل میں تمام فرنچائنزکی جانب سے ایک ایک نمائندے نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ کسی فرنچائزکواپنی ٹیم میں شامل کھلاڑیوں کے حق میں ووٹ دینے کی

اجازت نہیں تھی۔اس عمل کے اختتام پر تمام ٹیموں کو ری ویو کے لیے درخواست پیش کرنے کا حق حاصل تھا، جس کے بعد پلیئر ایکوزیشن اور منیجمنٹ کے سربراہ عمران احمد خان اور قومی کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کے کوآرڈینیٹرندیم خان نےفہرست کو حتمی شکل دی۔

وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان کا کہنا ہےکہ ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے لیے مقامی کھلاڑیوں کی تجدید کا عمل مکمل ہونے سے ایک سنگ میل عبور کرلیا۔ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020کے تمام،34 میچوں، کا انعقاد پاکستان میں کیا جائے گا۔

چیف ایگزیکٹو پی سی بی نے کہاکہ دنیا بھر میں ٹی ٹونٹی لیگز کے انعقاد سے پاکستان سپر لیگ ایک مطلوب لیگ شمار کی جاتی ہے اور اس کا آئندہ ایڈیشن اسے اور شاندار بنادے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 میں پاکستان اور بیرون ملک مقیم ایچ بی ایل پی ایس ایل کے مداحوں کو دنیا بھر کے نامور کھلاڑی اعلیٰ معیار کی کرکٹ کھیلتےہوئے دیکھائی دیں گے،آئندہ سال فروری سے شروع ہونے والے ایونٹ کے دوران اسٹیڈیم میں بہترین سہولیات کا انتظام کرنے کے ساتھ ساتھ تمام میچوں کی براڈ کاسٹنگ بھی اعلیٰ معیار کے مطابق کی جائے گی۔

علاوہ ازیں آئندہ ایڈیشن کے لیے کھلاڑیوں کی تجدید کے عمل میں کھلاڑیوں کی گذشتہ ایڈیشنز سمیت قومی اور بین الاقومی کرکٹ میں کارکردگی اور کرکٹر کی ٹی ٹونٹی فارمیٹ میں مقبولیت کو مدنظر رکھا گیا ہے۔

پاکستان کی نمائندگی کرنے والے کھلاڑیوں کی بنیادی کٹیگری گولڈ مقرر کی گئی ہے۔نئے قوانین کے مطابق ہر ٹیم گذشتہ ایڈیشن میں شامل زیادہ سے زیادہ8 کھلاڑیوں کو آئندہ ایڈیشن کے لیے برقرار رکھ سکےگی۔

کٹیگری مرحلے کے مکمل ہونے سے قبل قومی کرکٹ ٹیم کا حصہ بننے والے 23 سال سے کم عمر کھلاڑی ایمرجنگ کٹیگری کا حصہ نہیں ہوں گے۔ اس کے علاوہ 23 سال سے کم عمر کھلاڑی 2 سال سے زائد عرصہ ایمرجنگ کٹیگری کا حصہ نہیں رہ سکتےتاہم 2 سالوں میں 3 یا اس سے کم میچ کھیلنے والے کھلاڑی ایمرجنگ کٹیگری میں برقرار رہ سکتے ہیں۔

ریٹینشن کے عمل کے مکمل ہونے سے قبل تمام ٹیموں کے پاس کھلاڑیوں کوریلیگیٹ کرنے کی درخواست کرنے کا حق محفوظ ہوگا۔ اگر کسی ٹیم کی جانب سے کھلاڑی کو

ریلیگیٹ کرنے کی درخواست کی جاتی ہے تو ہر ٹیم کے پاس اس کھلاڑی کو بنیادی قیمت پر اٹھانے کا حق حاصل ہوگا۔اگر کوئی بھی ٹیم اس کھلاڑی کو بنیادی قیمت پر نہ اٹھائے تو اس کھلاڑی کی کٹیگری میں تنزلی کردی جائے گی۔

کھلاڑی کو ریلیگیٹ کرنے کی درخواست اس کی رضامندی کے بعد ہی کرنے کی اجازت ہوگی۔جو مقامی کھلاڑی ایچ بی ایل پی ایس ایل 2019 میں شامل نہیں تھے ان کی فہرست بعد میں جاری کی جائے گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4